# COVID-19 کی ویکسین لگوانے کے بعد آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

**NYC VACCINE FOR ALL: SAFE, FREE, EASY**

nyc.gov/covidvaccine

Urdu

## میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

**NYC محکمہ صحت:**
nyc.gov/covidvaccine

**نیویارک اسٹیٹ محکمہ صحت:**
covid19vaccine.health.ny.gov

**CDC:**
cdc.gov/covidvaccine

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ **1.12.21**

### کیا مجھے ویکسین لگوانے یا نگہداشت صحت کے دورے کا بل ادا کرنا ہو گا؟

نہیں، آپ کے بیمے کو بل کیا جا سکتا ہے لیکن آپ سے ویکسین کے لیے ادائیگی میں اپنا حصہ ڈالنے کا نہیں کہا جائے گا اور نہ ہی کوئی دوسری فیس وصول کی جائے گی۔

### کیا میری ذاتی معلومات محفوظ ہیں؟

آپ کی ذاتی معلومات سختی سے محفوظ رکھی جاتی ہیں۔ قانون کے تقاضے کے مطابق، آپ کے بارے میں بنیادی معلومات (جیسے آپ کا نام، پتہ، فون نمبر، تاریخ پیدائش، ویکسین لگوانے کی تاریخ اور ویکسین موصول کرنے کی تاریخ) کا نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا۔

### اگر میرے مزید سوالات ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

آپ اپنے ویکسین فراہم کنندہ یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کر سکتے ہیں۔ آپ **311** پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

## اس سے پہلے کہ آپ ویکسین لگوا کر ویکسین کی سائٹ سے واپس جائیں:

- اگر یہ آپ کا پہلا ٹیکہ ہے تو دوسرا ٹیکہ لگوانے کے لیے اپوائنٹمنٹ لے لیں، جو کہ آپ کو پہلے ٹیکے کے تین ہفتے (Pfizer) یا چار ہفتے (Moderna) کے بعد لگے گا۔
- یقینی بنائیں کہ آپ ویکسین کا کارڈ موصول کرتے ہیں۔ اس پر لکھا ہو گا کہ آپ کو کون سی ویکسین لگی ہے اور کس تاریخ کو لگی ہے۔ جب آپ ویکسین کی دوسری خوراک لگوانے کے لیے آئیں تو یہ کارڈ اپنے ساتھ لائیں۔ ویکسین کی دوسری خوراک لگوا لینے کے بعد، یقینی بنائیں کہ آپ کا ویکسینیشن کارڈ اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے اور اس پر دونوں خوراکوں کا اندراج ہے۔

## ویکسین کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

عام ضمنی اثرات میں اس بازو میں سوزش یا سوجن جس پر ٹیکہ لگا تھا، سر درد، جسم میں درد، تھکاوٹ اور بخار شامل ہیں۔ ضمنی اثرات دوسری خوراک کے بعد زیادہ عام ہیں اورضعیف افراد میں کم عام ہیں۔ ضمنی اثرت عام طور پر:

- ہلکے سے لے کر معتدل ہوتے ہیں
- ویکسین لگوانے کے بعد پہلے تین دن کے اندر شروع ہوتے ہیں (ویکسین لگوانے کے اگلے دن سب سے عام ہیں)
- یہ شروع ہونے کے بعد تقریبا دو سے تین دن رہتے ہیں

## اگر مجھے ضمنی اثرات درپیش ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کو کوئی ایسے ضمنی اثرات کا سامنا ہے جو آپ کو پریشان کر رہے ہیں یا کچھ دن گزرنے کے بعد ختم نہیں ہوئے، یا اگر آپ کے اس بازو میں سرخی یا سوزش 24 گھنٹوں کے بعد بڑھ گئی ہے جس پر ٹیکہ لگا تھا تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔ اپنے فراہم کنندہ سے بغیر نسخے کے ملنے والی ادویات استعمال کرنے کے حوالے سے پوچھیں، جیسے ایسیٹامینوفن (Tylenol) یا آئبپروفن (Advil)۔

**جب تک کہ آپ کا فراہم کنندہ آپ کو ایسا نہ کرنے کو کہے، دوسرا ٹیکہ لگوائیں چاہے آپ کو پہلے ٹیکے کے بعد ضمنی اثرات کا سامنا ہوا ہو۔**

مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام (CDC) کی V-safe اسمارٹ فون ایپ کے ذریعے ضمنی اثرات کی اطلاع دیں۔ ایپ کے بارے میں مزید جاننے اور اسے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، **vsafe.cdc.gov** ملاحظہ کریں۔ آپ ضمنی اثرات کی اطلاع CDC اور فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کے تحت چلنے والے ویکسین ایڈورس ایونٹ رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو بھی دے سکتے ہیں۔ اطلاعات **vaers.hhs.gov/reportevent.html** پر یا 800-822-7967 پر فون کر کے دی جا سکتی ہیں۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات رازدارانہ رکھی جائیں گی۔

## کیا ویکسین سے الرجک ردعمل ممکن ہے؟

ابھی تک جو ہم جان پائے ہیں اس کے مطابق الرجک رد عمل ہونا عام نہیں ہے۔ عام طور پر الرجک ردعمل ٹیکہ لگوانے کے بعد چند منٹ سے ایک گھنٹے میں شروع ہو جاتے ہیں۔ شدید الرجک رد عمل کی علامتوں میں سانس لینے میں دشواری، آپ کے چہرے یا گلے پر سوجن، دل کی تیز دھڑکن، سارے جسم پر سرخ دھبے بن جانا، چکر آنا اور کمزوری شامل ہیں۔ اگر آپ کو لگے کہ آپ کو شدید الرجک ردعمل کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو **911** پر کال کریں یا قریبی اسپتال میں جائیں۔

## کیا میری دوسری خوراک میں بھی اسی طرح کی ویکسین ہونا ضروری ہے جو میں نے پہلی خوراک میں لی تھی؟

جی ہاں۔ دونوں خوراکیں ایک ہی ویکسین کی ہونی چاہیے۔ اگر آپ Pfizer کی ویکسین لگواتے ہیں تو 21 دن بعد آپ کو Pfizer کی ہی ویکسین لگوانی ہو گی۔ اگر آپ Moderna کی ویکسین لگواتے ہیں تو 28 دن بعد آپ کو Moderna کی ہی ویکسین لگوانی ہو گی۔

## ویکسین کب کام کرنا شروع کر دیتی ہے؟

جبکہ آپ کو پہلی خوراک کے بعد کچھ تحفظ حاصل ہو گا، ویکسین دو خوراکوں کے بعد زیادہ موثر ہو گی۔ آپ کو ویکسین سے مکمل تحفظ دوسری خوراک لگوانے کے ایک سے دو ہفتے بعد ہی حاصل ہو گا۔

## ویکسین لگوانے کے بعد کیا میں COVID-19 سے متعلق دیگر احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چھوڑ سکتا ہوں؟

نہیں۔ ویکسین لگوانے کے بعد بھی آپ کو احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا جاری رکھنا ہو گا:

- اگر آپ بیمار ہیں تو گھر پر ہی رہیں۔
- دوسروں سے کم از کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہیں۔
- چہرے پر نقاب پہنیں۔
- اپنے ہاتھ دھوئیں اور ہینڈ سینیٹائزر اکثر استعمال کریں۔

اگرچہ COVID-19 ویکسینوں نے دکھایا ہے کہ یہ لوگوں کو COVID-19 سے محفوظ رکھتی ہیں، ہمیں ابھی اس بارے میں مزید جاننے کی ضرورت ہے کہ تحفظ کتنا عرصہ جاری رہتا ہے اور یہ کہ آیا ویکسین منتقلی روکتی ہے۔